سوال

دین دار لڑکی کیسے تلاش کریں

جواب

شادی کے لئے دین دار لڑکی کیسے تلاش کریں السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا کہ جب شادی کرو تو دین دار لڑکی سے شادی کرو۔ سوال یہ ہے کہ ہم کیسے جانیں کہ لڑکی دین دار ہے یا نہیں۔ کیونکہ قرآن پڑھنا یا نماز پڑھنا یہ تو کامن چیزیں ہیں اور بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ مرد حضرات تو دین دار ہوتے ہیں لیکن گھر کا ماحول دینی نہیں ہوتا۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اس سلسلے میں آپ اللہ سے مدد طلب کریں استخارہ کریں اور کثرت سے دعا کیا کریں، ان شاء اللہ، اللہ ضرور کوئی راستہ کھول دیں گے۔ ویسے نماز اور قرآن پڑھنا بھی دینداری کا مظہر ہے اور نماز انسان کو برائی وبے حیائی کے کاموں سے روکتی ہے، لہذا امید رکھنی چاہیئے کہ نماز لڑکی دیگر امور میں بھی شریعت کی پابند ہوگی۔ ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب محدث فتوی کمیٹی